CAREERINDIA

SL. No : Z

ಒಟ್ಟು ಪ್ರಶ್ನೆಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ : 46 ]
Total No. of Questions : 46 ]

**CCE RF**
**CCE RR**

[ ಒಟ್ಟು ಮುದ್ರಿತ ಪುಟಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ : 8
[ Total No. of Printed Pages : 8

**ಸಂಕೇತ ಸಂಖ್ಯೆ : 66-U** — **Code No. : 66-U**

# ವಿಷಯ : ತೃತೀಯ ಭಾಷೆ – ಉರ್ದು

# Subject : Third Language - URDU

**( ಹೊಸ ಪಠ್ಯಕ್ರಮ / New Syllabus )**

**(ಶಾಲಾ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ + ಪುನರಾವರ್ತಿತ ಶಾಲಾ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ / Regular Fresh + Regular Repeater)**

ದಿನಾಂಕ : 10. 04. 2017 ] — [ Date : 10. 04. 2017

ಸಮಯ : ಬೆಳಿಗ್ಗೆ 9-30 ರಿಂದ ಮಧ್ಯಾಹ್ನ 12-00 ರವರೆಗೆ ] — [ Time : 9-30 A.M. to 12-00 Noon

ಗರಿಷ್ಠ ಅಂಕಗಳು : 80 ] — [ Max. Marks : 80

یہاں سے کاٹئے

TEAR HERE TO OPEN THE QUESTION PAPER

اس مقام سے کاٹ کر سوال پرچہ کھولئے

## عام ہدایات :

1. سوالنامہ معروضی اور موضوعی قسم کے سوالوں پر مشتمل ہے جس میں 46 سوالات ہیں۔

2. اس سوالنامہ کو سر بمہر کر دیا گیا ہے۔ امتحان شروع ہونے کے وقت آپ کو پرچہ پڑھنے کے لئے اسے بائیں طرف سے کاٹنا ہوگا۔ اچھی طرح دیکھ لیں کہ سوالنامہ کے سبھی صفحات ٹھیک ٹھاک ہیں۔

3. معروضی اور موضوعی دونوں قسم کے سوالوں کے لئے دی گئی ہدایات کے مطابق جواب لکھیں۔

4. بائیں ہاتھ کے حاشئے پر پورے مارکس دئے گئے ہیں۔

5. جواب دینے کا زیادہ سے زیادہ وقت سوالنامہ کے اوپر دیا گیا ہے۔ اس میں سوالنامہ پڑھنے کے لئے 15 منٹ شامل ہیں۔

Tear here

www.careerindia.com



RF+RR-0K1041

CAREERINDIA



## PART-A/حصّہ-الف

درج ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھئے : 10 × 1 = 10

1. حُسن گنگو بہمنی کا مقبرہ کس نے تعمیر کیا ؟

2. کس لئے ستاروں کی روشنی پھیکی پڑ گئی ؟

3. 'پیغامِ یکجہتی' کس شاعر کی نظم ہے ؟

4. غزل کے لغوی معنی کیا ہیں ؟

5. مولانا محمد علی جوہؔر کی پیدائش کب اور کہاں ہوئی ؟

6. مُلا نصیرالدین کو گھر میں نہ پا کر عالِم دوست نے کیا کیا ؟

7. شفیع الامم سے مُراد کون ہیں ؟

8. کسان کی عزت کہاں کہاں ہوتی ہے ؟

9. آخری وقت حضرت ٹیپو سلطانؒ کی زبان پر کیا کلمات تھے ؟

10. وہ کیا وجہ ہے کہ شاعر اکبؔر الہ آبادی خود اپنے نہ ہو سکے ؟

نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھئے : 10 × 2 = 20

11. ضلع گلبرگہ کی اہم ندیوں کے نام لکھئے۔

12. قدیم دَور میں سائنس کی اہم شاخیں کونسی تھیں ؟

13. نظم ''پیغامِ یکجہتی'' میں شاعر کیا پیغام دے رہا ہے ؟

14. نانوٹیکنالوجی کی مدد سے کینسر پر کس طرح قابو پایا جا سکتا ہے ؟



www.careerindia.com

CAREERINDIA



15. دوہے میں ساغرؔ کرناٹکی نے جانور اور آدمی میں کیا فرق بتایا ہے ؟

16. سدرۃُ المنتہیٰ کیا ہے ؟

17. ملک کی ترقی میں کسان کیا کردار ادا کر رہا ہے ؟

18. مولانا محمد علی جوہرؔ کے اُردو اور انگریزی اخبارات کے نام لکھئے ؟

19. سفلی عناصر اگلے دِن ہونے والے واقعہ کی کیا پیشن گوئی کرتے ہیں ؟

20. عطاؔ کلیانوی کے نزدیک ماحول ناساز کیوں ہے ؟

درج ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھئے : 5 × 3 = 15

بحوالۂ متن جملوں کی وضاحت کیجئے :

21. ''نہ کھائیں تو زندہ کیسے رہیں ؟''

22. ''خدا اُن کی قبروں کو نور سے بھر دے۔''

درج ذیل اشعار کی تشریح کیجئے :

23. سدا ہم تو کھوئے گئے سے رہے

کبھو آپ میں تم نے پایا ہمیں

24. زمانے کے کیا کیا ستم دیکھتے ہیں

ہمیں جانتے ہیں جو ہم دیکھتے ہیں

کسی ایک کا تعارف لکھئے :

25. (i) مجتبیٰ حُسین (ii) علامہ محمد اقبالؔ



www.careerindia.com

CAREERINDIA



درج ذیل سوالات کے تفصیلی جوابات لکھئے : 2 × 4 = 8

26. حضرت عائشہؓ کی فیاضی اور سخاوت کا کوئی واقعہ بیان کیجئے

یا

علامہ محمد اقبالؔ کی نظم ''چاند اور شاعر'' کا خلاصہ لکھئے۔

27. مولانا حالیؔ کی 'حمد' یا مولانا حمّادؔ کی 'نعت' کے ابتدائی چار اشعار زبانی لکھئے۔

## PART-B/حصّہ - ب

درج ذیل سوالات کے چار متبادل جواب دیے گئے ہیں۔ موزوں جواب کا انتخاب کر کے لکھیں : 12 × 1 = 12

28. لفظ 'ابد' کی ضد ہے

A) ازل B) اہل

C) موت D) روشن

29. 'لاحقے' سے بنے لفظ کی نشاندہی کیجئے

A) نوعمر B) ہم محلّہ

C) اُردودان D) باذوق

30. جملے کے حصّے ہوتے ہیں

A) ایک B) دو

C) تین D) چار

31. ایسا جملہ جس میں صرف ایک مبتدا اور ایک خبر ہو، کہلاتا ہے

A) مرکب جملہ B) مفرد جملہ

C) مطلق جملہ D) مُلتف جملہ



www.careerindia.com

CAREERINDIA



32. وہ کلمہ جو خود معنی نہیں دیتا بلکہ دوسرے الفاظ کے ساتھ مل کر معنی دیتا ہے اُسے کہتے ہیں

A) مستقل کلمہ B) اِسم

C) غیر مستقل کلمہ D) ضمیر

33. چار مصرعوں والی نظم کو کہتے ہیں

A) غزل B) حمد

C) نعت D) رباعی

34. اِن میں واحد لفظ ہے

A) مقاصد B) ذکر

C) خصوصیات D) افراد

35. الفاظ کا مجموعہ جس سے کچھ معنی و مطلب نکلتا ہو

A) جملہ B) حروف

C) لفظ D) محاورہ

36. لفظ 'خاطر تواضع' کے معنی یہ ہیں

A) مہمان نوازی B) غریب خانہ

C) آزمانا D) طے کرنا

37. 'مضمون' کا آخری حصّہ

A) نفسِ مضمون B) تمہید

C) اختتام D) ابتداء

www.careerindia.com

38. مفرد اور مرکب لفظ کے اعتبار سے غیر متعلق لفظ ہے

A) فاقہ کشی B) اندیشہ

C) شش وپنج D) طول وعرض

39. محاورہ 'کام نکالنا' کا مطلب ہے

A) کامیاب ہونا B) خوش ہونا

C) مایوس ہونا D) مقصد حاصل کرنا

## PART-C/حصّہ - ج

40. درج ذیل انگریزی جملوں کا آسان اُردو زبان میں ترجمہ کیجئے : 3 × 1 = 3

i) Peacock is our national bird

ii) It is a beautiful bird known for it's dance

iii) They commonly live in forest

41. اپنے والدمحترم کے نام ایک خط لکھئے جس میں اپنی پڑھائی کا ذکر ہو۔ 1 × 4 = 4

یا

اپنے کلاس ٹیچر کے نام ایک خط لکھئے جس میں دو دن کی چھٹی طلب کی گئی ہو۔

42. کسی ایک عنوان پر مضمون لکھئے : 1 × 4 = 4

(i) تاریخی مقام کی سیر

(ii) ہماری عیدیں



CAREERINDIA www.careerindia.com

CAREERINDIA



درج ذیل عبارت کو بغور پڑھ کر نیچے لکھے ہوئے سوالات کے مختصر جوابات لکھئے : 4 × 1 = 4

دَورِ حاضر کو سائنسی دَور سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ ہماری روزمرّہ زندگی میں استعمال ہونے والی بیشتر چیزوں کا دارومدار سائنس پر ہے۔ پہلے جو باتیں قصّے کہانیوں میں بیان کی جاتی تھیں، انہیں آج سائنس نے سچ کر دکھایا ہے۔ سائنس کی حیرت انگیز ایجادات میں کمپیوٹر بھی ایک ہے جس نے انسانی زندگی کے ہر شعبے پر گہرا اثر مرتب کیا ہے۔ چاہے وہ آفس ہو یا بینک، کالج ہو یا اسکول ہر جگہ کمپیوٹر کی کارفرمائی ہے۔ کمپیوٹر ایک ایسا آلہ ہے جس کا کام فراہم کردہ معلومات کو محفوظ کرنا، اہم نکات کو تلاش کرنا اور حسبِ ضرورت اُن پر عمل کرنا ہے۔

سوالات :

43. دَورِ حاضر کو کس دَور سے تعبیر کیا جاتا ہے ؟

44. سائنس نے کیا سچ کر دکھایا ہے ؟

45. سائنس کی حیرت انگیز ایجاد کیا ہے ؟

46. کمپیوٹر کا کام کیا ہے ؟

www.careerindia.com

www.careerindia.com